No. of Printed Pages : 7 **BUDE-142**

# B. A. General (Urdu) CBCS

# (BAG)

## Term-End Examination

## June, 2025

## BUDE-142 : Special Study of Meer Aman Dehlvi

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔حصہ الف سے چار (۴) سوالوں کے جوابات مطلوب ہیں۔ حصہ ب اور ج سے دو دو سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ تمام سوالوں کے نمبر سامنے درج ہیں۔

---





۱۔ داستان کس کہانی کو کہتے ہیں ؟ دو سطروں میں بیان کیجئے۔ ۷

۲۔ فورٹ ولیم کالج میں لکھی جانے والی پانچ اہم داستانوں کے نام لکھیے۔ ۷

۳۔ فورٹ ولیم کالج سے جڑے سات (۷) مصنفین کے نام لکھیے۔ ۷

۴۔ سرسید احمد خاں نے آثار الصنادید میں میر امن کے ادبی مرتبہ کو متعین کرتے ہوئے کیا خاص بات لکھی ؟ ۷

۵۔ ''باغ و بہار'' سے قبل، شمالی ہند میں لکھی گئی چار داستانوں کے نام لکھیئے۔ ۷



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

۶۔ داستان میں خیالی زندگی ہوتی ہے یا حقیقی ؟ وضاحت کیجیے۔ ۷

(حصہ ب)

نوٹ:۔ذیل میں دیے گئے سوالوں میں سے صرف دو کے جواب تحریر کیجیے۔

۷۔ میر امن کے فن پر ایک نوٹ لکھئے۔ ۱۶

۸۔ ''باغ و بہار'' میں ہندوستانی معاشرت کی کس قدر عکاسی کی گئی ہے ؟ اس پر اظہار خیال کیجیے۔ ۱۶

۹۔ میر امن کے عہد کا مختصراً جائزہ لیجیے۔ ۱۶





۱۰۔ میر امن کی نثر نگاری پر ایک نوٹ قلم بند کیجئے۔ ۱۶

(حصہ ج)

نوٹ :۔ذیل میں دیے گئے سوالوں میں سے صرف دو کے جواب تحریر کیجیے۔

۱۱۔ ذیل میں دیے گئے اقتباس میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجئے۔ ۲۰

(الف) اب آغاز قصے کا کرتا ہوں، ذرا کان دھر کر سنو ! اور منصفی کرو۔ سیر میں چار درویش کی یوں لکھا



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

ہے اور کہنے والے نے کہا ہے کہ
آگے روم کے ملک میں کوئی شہنشاہ
تھا کہ نوشیرواں کی سی عدالت اور
حاتم کی سی سخاوت اس کی ذات
میں تھی نام اس کا آزاد بخت اور
شہر قسطنطنیہ (جس کو استنبول کہتے
ہیں) اس کا پایہ تخت تھا۔ اس کے
وقت میں رعیت آباد، خزانہ معمور،
لشکرمرفہ، غریب غربا آسودہ، ایسے
چین سے گزران کرتے اور خوشی





سے رہتے کہ ہر ایک کے گھر میں
دن عید اور رات شب برات تھی۔

یا

(ب) سچ ہے، ثبات بہتری اور برکت کا
پھل دیتا ہے اور اس کے ہونے
سے خوشی اور بے فکری کا فائدہ ملتا
ہے۔ اور کسی گروہ کو تمام خلق اللہ
میں ثبات کی صفت سے اتنا کام
نہیں پڑتا جتنا بادشاہوں کو اس لیے
کہ جب تلک ثبات سلاطینوں کا



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

رعیت اور نوکروں پر اور سرکشوں اور بدفعلوں کی بیخ کنی اور سزا دینے میں، خاص و عام پر ظاہر نہ ہو۔

۱۲۔ فورٹ ولیم کالج میں لکھی جانے والی چند اہم داستانوں پر اظہار خیال کیجئے۔ ۲۰

۱۳۔ باغ و بہار تحسین کی نو طرز مرصع سے کن معنوں میں مختلف ہے۔ زبان اور اسلوب کے لحاظ سے تجزیہ کیجیے۔ ۲۰

۱۴۔ فسانۂ عجائب کے منفرد اسلوب کا جائزہ لیجئے۔ ۲۰



Downloaded from www.IGNOUBABA.com